حیسکو پریس ریلیز مورخہ :30.12.2021

نیپرا (NEPRA) وفد کی حیسکو مینجمنٹ سے حیسکو کانفرس ہال حیدرآباد میٹنگ۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے آگاہی دی۔ میٹنگ میں سیفٹی اصولوں کی مکمل پاسداری کرنا، ترقیاتی منصوبے نیپرا قوانین کے مطابق مقررہ مدت میں حل کرنا، صارفین کی جائز شکایات کا فوری ازالہ اور بہتر سروس فراہم کریں۔ وائس چیئرمین نیپرا رفیق احمد شیخ

حیدرآباد: حیسکو ترجمان کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگیولیٹری اتھارٹی (NEPRA) کے وفد نے وائس چیئرمین نیپرا رفیق احمد شیخ کی سربراہی میں حیسکو مینجمنٹ کے ساتھ حیسکو کانفرنس ہال حیدرآباد میں میٹنگ کی۔ میٹنگ میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے نیپرا کے وفد کو کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے آگاہی دی، بعد میں نیپرا کے وفد نے حیسکو مینجمنٹ کو ہدایات دیں کہ حیسکو صارفین کو بجلی کی بہتر سروس فراہم کریں، اور بجلی کے ترسیلی نظام کو بہتر کیا جائے، انہوں نے صارفین کی جملہ جائز شکایات اولیت اور شفاف میرٹ کی بنیاد پر جلد از جلد حل کیا جائے، تمام ترقیاتی منصوبے نیپرا کے قوانین کے تحت مقررہ مدت میں مکمل کریں، سیفٹی کے تمام اصولوں پر مکمل کاربند ہوتے ہوئے کام کریں اور حیسکو کی بہتری کیلئے مزید بہتر سے بہتر اقدامات اٹھائیں۔ اس موقع پر میٹنگ میں وائس چیئرمین نیپرا رفیق احمد شیخ کے علاوہ ممبر نیپرا رحمت اللہ بلوچ، ممبر نیپرا مقصود انور خان، حیدرآباد نیپرا آفیس کے ڈپٹی ڈائریکٹر نیپرا حافظ عرفان شیخ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مدیح فاروق موجود تھے، جبکہ حیسکو کی جانب سے حیسکو چیف کے علاوہ جنرل مینجر ٹیکنیکل گل منیر سرہیو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف انجنیئر ڈولپمنٹ طارق باجاری، چیف فنانس آفیسر میڈم حنا ٹالپر، ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ ایچ آر محمد عثمان میمن، PD کنسٹرکشن عبدالغفور شیخ، پرنسپال RTC شفیق احمد میمن، ریجنل مینجر M&T ریاض پٹھان، مینجر MM روشن علی اوٹھو، DDT حیدرآباد مشتاق دایو، 4 سرکلز کے سپرنٹینڈنگ انجنیئرز و دیگر افسران بھی موجود تھے۔

حیدرآباد: NEPRA کے وائس چیئرمین رفیق احمد شیخ و ممبران حیسکو مینجمنٹ سے میٹنگ کررہے ہیں، حیسکو چیف نور احمد سومرو و دیگر افسران موجود ہیں